حصہ اول میں جن مسائل کو لیا گیا ہے وہ یہ ہیں۔ مسئلہ عصمت انبیاء علیہم السلام، قصہ حضرت یونس علیہ السلام، حضرت عیسیٰ کا رفع جسمانی، تنقید اور معیار حق کا مسئلہ اور مسئلۂ دجال۔ دوسرے حصہ میں جو مباحث آئے ہیں وہ یہ ہیں: مسئلہ تقلید، مسئلہ وقت السحور فی رمضان، جمع بین الاُختین، سجدۂ تلاوت بلا وضو، مسئلہ متعہ، مؤلفۃ القلوب، مسئلہ ایلاء، مسئلہ خلع، اور صحابہ کرام کی غلط فہمی کا مسئلہ۔

انوار مجددی | تالیف: جناب پروفیسر یوسف سلیم چشتی۔ ناشر: عشرت پبلشنگ ہاؤس ہسپتال روڈ، انار کلی، لاہور۔ صفحات ۳۸۴۔ قیمت چار روپے۔

حضرت مجدد الف ثانی کے مکتوبات بڑے انقلاب انگیز اور ایمان افروز ہیں۔ یہ عقائد و اعمال، اور سیر و سلوک کے متعلق نہایت بصیرت افروز حقائق کا مرقع ہیں۔ مگر ہمارے ملک کا ایک عام آدمی ان کا مطالعہ کرتے ہوئے ان میں دو دقتیں محسوس کرتا ہے۔ ایک یہ کہ ان کی زبان فارسی ہے۔ دوسرے یہ کہ بعض مکتوبات ایسے گہرے اور ادق موضوعات سے بحث کرتے ہیں اور ان میں ایسے باریک نکات بیان کیے گئے ہیں کہ وہ کسی ماہر فن کی مدد کے بغیر سمجھے نہیں جاسکتے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض حضرات ان کا مطالعہ بڑے ذوق و شوق سے شروع کرتے ہیں مگر جلد ہی ہمت ہار کر بیٹھ جاتے ہیں۔ چنانچہ عرصے سے اس امر کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ ان مکتوبات کی ایسی تلخیص شائع کی جائے جس سے عام مسلمان کما حقہٗ استفادہ کرسکیں۔ اس ضمن میں جو کوششیں ہوئی ہیں ان میں زیر تبصرہ کتاب ایک قابلِ قدر اضافہ ہے۔ فاضل مترجم اور مرتب نے مجدد صاحبؒ کے ان ارشادات کو جن کا تعلق عقائد و اعمال، پند و موعظت، اصلاحِ نفس اور احکامِ شریعت سے ہے، نہ صرف اردو کے قالب میں ڈھالا ہے بلکہ انہیں بڑے سلیقے کے ساتھ یکجا کیا ہے۔

کتاب کے شروع میں مجدد صاحب کے حالاتِ زندگی بھی درج ہیں۔ معیار طباعت و کتابت گوارا ہے

القادیانیۃ، دراسات وتحلیل (عربی) | مؤلف: مولانا حافظ احسان الٰہی ظہیر صاحب، مدیر الاعتصام لاہور۔ ناشر: المکتبۃ العلمیہ مدینہ منورہ۔ عرب ممالک کو فتنۂ قادیانیت سے خبردار کرنے کے لیے حال ہی میں تصنیفات